© rasailojaraid.com

میں پرانی کتابوں کے بجائے اس قسم کی کتابیں داخل کر دی جائیں کہ یہ بیک کرشمہ دو کار ہے۔

**تراجم علمائے حدیث ہند (جلد اوّل)** تالیف مولوی ابو یحییٰ امام خاں صاحب نوشہروی۔ ضخامت ۱۷۷ صفحات۔ قیمت دو روپیہ ۸؍۔ ملنے کا پتہ: عبدالحی والاخوان۔ سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ (پنجاب)

یہ دراصل ہندوستان کے علماء اہل حدیث کا تذکرہ ہے۔ لیکن مؤلف نے اس میں بعض ان علمائے حدیث کے حالات بھی شامل کر لیے ہیں جو گروہ "اہل حدیث" سے تعلق نہیں رکھتے، اور اسی بنا پر انہوں نے تراجم اہل حدیث کے بجائے اس کا نام تراجم علمائے حدیث رکھا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ باقی ماندہ جلدوں کی تالیف کے موقع پر صاحب موصوف زیادہ وسیع نقطۂ نظر سے کام لیں گے اور ان تمام علماء کے ساتھ پورا انصاف کریں گے جنہوں نے جماعت اہل حدیث کے مسلک سے چاہے اختلاف کیا ہو، مگر بہرحال علم حدیث کی خدمت ضرور کی ہے۔

**ید بیضاء** تالیف خان بہادر ڈاکٹر سید نجم الدین احمد صاحب جعفری بار ایٹ لا۔ ضخامت تقریباً ڈیڑھ سو صفحات۔ قیمت ایک روپیہ۔ ملنے کا پتہ: آرمی پریس، شملہ۔

اس کتاب میں مؤلف کے ان مضامین کو جمع کیا گیا ہے جن میں انہوں نے مختلف اعتقادی، تاریخی اور تمدنی مباحث پر اسلامی نقطۂ نظر کو پیش کیا ہے۔ کتاب اس حیثیت سے قابلِ قدر ہے کہ ایک جدید تعلیم یافتہ فاضل نے اخلاص اور جذبۂ دینداری کے ساتھ اسلام کی نمائندگی کا حق ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ مؤلف کو تعلیماتِ اسلامی کے اصلی مآخذ پر کوئی گہری نظر حاصل نہیں ہے، اور وہ کسی دینی مسئلہ پر ایک محقق اور مجتہد کی حیثیت سے بحث نہیں کر سکتے۔ اسی وجہ سے وہ ہر جگہ اسلام کی صحیح نمائندگی نہیں کر سکے ہیں، بلکہ بعض بعض مقامات پر اُن کے بیانات میں بلا ارادہ مغربی تصوّرات کا رنگ جھلکنے لگا ہے۔

**مسلمانوں کا ماضی حال اور مستقبل** تالیف میاں بشیر احمد صاحب بی۔ اے بار ایٹ لا مدیر رسالہ ہمایوں۔ ضخامت ۷۶ صفحات۔ قیمت درج نہیں۔ ملنے کا پتہ: دفتر رسالہ ہمایوں۔ نمبر ۲۳۔ لارنس روڈ۔ لاہور

فاضل مقالہ نگار، جنہوں نے اپنے رسالہ ہمایوں کے ذریعہ سے اُردو زبان کی بڑی خدمت کی ہے،



© rasailojaraid.com